StudentBounty.com

नामांक Roll No.

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions - 11

No. of Printed Pages - 7

# SS–22–Urdu Sah.

## SENIOR SECONDARY EXAMINATION, 2013

## URDU SAHITYA

Time : $3\frac{1}{4}$ Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لئے ہدایات:

i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

StudentBounty.com



1. مندرجہ ذیل اقتباسات کو غور سے پڑھیں اور کسی ایک اقتباس پر مشتمل سوالات کے جواب لکھیں۔

(الف)

اور تم ناحق بگڑتے ہو اور خواہ نخواہ اپنی دشمنی تصور کیئے لیتے ہو۔ میں تمہارا مخالف نہیں ہوں۔ اگر تم کو یقین نہ آئے تو اپنے کسی شب بیدار صوفی بھائی سے دریافت کرلو، دیکھو وہ میری شان میں کیا کہے گا۔کل ایک شاہ صاحب عالمِ ذوق میں اپنے ایک مرید سے فرما رہے تھے کہ مچھر کی زندگی کو دل سے پسند کرتا ہوں۔ دن بھر بے چارہ خلوت خانہ میں رہتا ہے۔ رات کو، جو خدا کی یاد کا وقت ہے، باہر نکلتا ہے اور پھر تمام شب تسبیح و تقدیس کے ترانے گایا کرتا ہے۔آدمی غفلت میں پڑے سوتے ہیں تو اس کو ان پر غصہّ آتا ہے، چاہتا ہے کہ یہ بھی بیدار ہوکر اپنے مالک کے دیئے ہوئے اس سہانے خاموش وقت کی قدر کرے اور حمد وشکر کے گیت گائے۔

سوالات : (i) مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح کریں اور سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیں۔ 5

(ii) ''مچھّر کی زندگی کو دل سے پسند کرتا ہوں'' یہ جملہ کس نے فرمایا؟ 1

(iii) ''مچھرّ'' کس کا مخالف نہیں ہے؟ 1

(iv) لفظ ''خلوت خانہ'' اور ''تسبیح'' کے معانی لکھیں۔ 1

StudentBounty.com



(ب)

ہاں بھائی پرسوں کسی شخص نے مجھ سے ذکر کیا کہ ''اُردو اخبار'' دہلی میں تھا کہ ہاتھرس میں بلوہ ہوا اور مجسٹریٹ زخمی ہوگیا۔ آج میں نے ایک دوست کے یہاں سے اس اخبار کا دو ورقا منگا کر دیکھا۔ واقعی اس میں مندرج تھا کہ راہیں چوڑی کرنے پر اور حویلیاں اور دکانیں ڈھانے پر بلوہ ہوا اور رعایا نے پتھّر مارے اور مجسٹریٹ زخمی ہوا۔ حیران ہوں کہ اگر یوں تھا تو صاحب وہاں سے چلا کیوں نہ آیا اور اگر حاکم نہیں آیا تو آپ کیوں کر تشریف لائے۔ ہوس ناکانہ خواہش ہے کہ آپ اس حال کو مفصّل لکھیں۔

سوالات : (i) مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح کریں اور سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیں۔ 5

(ii) اقتباس میں کون سے اخبار کا ذکر آیا ہے؟ 1

(iii) بلوہ کس شہر میں ہوا تھا؟ 1

(iv) لفظ ''دو ورقا'' اور ''ہوس ناکانہ'' کے معانی لکھیں۔ 1

2. مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ (100) سو الفاظ میں لکھیں۔ 6

(i) امراؤ جان ادا

(ii) لمحے

(iii) پودے

StudentBounty.com



3. مندرجہ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک نثر نگار کی سوانح حیات اور طرز تحریر پر اظہار خیال کریں۔ 6

(i) احتشام حسین

(ii) خورشید الاسلام

(iii) کرشن چندر

4. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک حصہّ کی تشریح کریں اور شاعر کا حوالہ بھی دیں۔ 8

(الف)

ہوا نے دیپ بجھایا ہی تھا کہ نکلا چاند
قلم کو تیز چلاؤ کہ یہ بھی ڈوب نہ جائے
خود اپنے دل کے اُجالے کا اعتبار نہیں
کہ ایک بار یہ جائے تو پھر پلٹ کے نہ آئے
یہ چاندنی کا اُجالا، یہ نیم شب کا سکوں
سفید گنبدودر دودھ میں نہائے ہوئے
ستارو ! کوئی کہانی کہو کہ رات کٹے
نہ یاد آئیں مجھے روزوشب بھلائے ہوئے

StudentBounty.com



(ب)

(i) حسن و عشق کی لاگ میں اکثر چھیڑ اُدھر سے ہوتی ہے
شمع کا شعلہ جب لہرایا اُڑ کے چلا پروانہ بھی

(ii) دل اگر دل ہے تو جس راہ پہ لے جائے گا
دردمندوں کی وہی راہ گذر بھی ہوگی

(iii) جب لگیں زخم تو قاتل کو دُعاء دی جائے
ہے یہی رسم تو یہ رسم اُٹھا دی جائے

(iv) جنگل میں ہوئی ہے شام ہم کو
بستی سے چلے تھے منھ اندھیرے

.5 مندرجہ ذیل شعرا میں سے کسی ایک شاعر کی سوانح حیات اور کلام کی خوبیاں تحریر کریں۔ 6

(i) الطاف حسین حالؔی

(ii) ناصر کاظمی

(iii) شفیق فاطمہ شعریٰ

StudentBounty.com



6. مندرجہ ذیل منظومات میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ تحریر کریں۔ 6

(i) ارتقاء

(ii) وقت کا ترانہ

(iii) زندگی سے ڈرتے ہو

7. خیابانِ اُردو کے درج ذیل مضامین میں سے کسی ایک کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں : 6

(i) بیوہ

(ii) جلتی جھاڑی

(iii) یہودی کی لڑکی

8. مندرجہ ذیل سوالات میں سے دو کے مختصر جواب لکھیں : 1 + 1 = 2

(i) ''امرت رائے'' کس ناول کا کردار ہے؟

(ii) ''پطرس بخاری'' کے انشائیہ کا نام کیا ہے؟

(iii) کہانی ''جنم دن'' کے مصنف کون ہیں؟

(iv) چے خف کا سنِ پیدائش لکھیں۔

StudentBounty.com



9. مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب تفصیل سے لکھیں : 8 + 8 = 16

(i) دبستان لکھنؤ اور دبستان دلّی کی اہم خوبیوں کا موازنہ کریں۔

(ii) ''باغ و بہار'' کے حوالے سے میر امن کی ادبی خدمات کا جائزہ لیں۔

(iii) اُردو زبان کے ارتقاء پر روشنی ڈالیں۔

(iv) سرسید تحریک کے اُردو شاعری پر اثرات کا جائزہ لیں۔

10. مندرجہ ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر مختصر نوٹ لکھیں۔ 8

(i) غزل

(ii) ناول

(iii) انشائیہ

11. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں : 8

(i) اقبال کی شاعرانہ عظمت

(ii) منشی پریم چند بحیثیت ناول نگار

(iii) جہیز - ایک لعنت

(iv) ماحولیاتی تحفظ